SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

**May 3, 2017**

***For immediate release***

ایس ای سی پی نے کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی کے ریگولیشنز جاری کر دیئے

اسلام آباد (3 مئی) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے کمپنیز آرڈیننس 1984 کے تحت کولیٹرل مینجمنٹ کمپنیز (قیام اور آپریشن) ریگولیشنز 2017 جاری کر دیئے ہیں۔ نئے ریگولیشنز تمام اہم شراکت داروں بشمول صوبائی محکمہ جات زراعت، سٹیٹ بینک آف پاکستان، پاکستان ایگری کلچر کولیشن، پاکستان مرکنٹائل ایکس چینج سے تفصیلی مشاورت کی گئی۔

کولیٹرل مینجمنٹ کی قومی مالیاتی شمولیت کی پالیسی میں اہم کردار ہے اور اس پالیسی کا مقصد اجناس کی منڈی میں سے رکاوٹوں کو دور کرنا، مارکیٹ میں مقابلے کی فضا قائم کرنا اور اجناس کے ضیاع کو روکنا اور کسانوں کو ان کی فصل کی بہترین قیمت کے حصول میں معاونت فراہم کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ پالیسی کسانوں اور بینکوں کو یہ سہلوت فراہم کرتی ہے کہ وہ بہترین پیداوار، جدید طریقے سے محفوظ اور بہترین اجناس کے عوض کسانوں کو قرض فراہم کر سکتے ہیں۔

ایس ای سی پی، پاکستان مرکنٹائل ایکس چینج کے ساتھ مل کر، ملک میں زرعی اجناس کی الیکٹرانک ٹریڈنگ اور جدید ویئرہاؤزنگ اور فنانسنگ کی سہولت قائم کرنے کے لئے کام کر رہا ہے۔ یہ جدید نظام کسانوں کو ان کی فصل کے لئے بہترین اور تیز ترین معاوضہ اور فنانسنگ کی سہولتوں کا حصول آسان بنائے گا۔

کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی کے قیام کے لئے جاری کردہ قوائد میں لائسنس کی شرائط، کمپنی کے مالی وسائل، کمپنی کی انتظامیہ کی اہلیت، فرائض و ذمہ داریاں، گودام چلانے کا طریق کار اور ان کمپنیوں اور گوداموں کی انسپکشن اور ان کمپنیوں کو ہدایات جاری کرنے سے متعلق ایس ای سی پی کے اختیارات واضح کئے گئے ہیں۔ کولیٹرل مینجمنٹ کمپنی کے ریگولیشن ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر لگا دئے گئے ہیں۔